**Ahmadiyya Muslim Jamaat**
Deutschland

Ahmadiyya Muslim Jamaat • Genfer Str. 11 • 60437 Frankfurt am Main www.ahmadiyya.de

# فوری ہدایات برائے جلسہ سالانہ قادیان 2023

## برائے جملہ درخواست دہندگان / ریجنل / لوکل امراء وصدرانِ جماعت صاحبان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جلسہ سالانہ قادیان ان شاءاللہ العزیز مورخہ 29، 30، 31 دسمبر 2023 بمقام قادیان، بھارت منعقد ہو گا۔ اِس سال بھی جلسہ میں وہی احباب شریک ہو سکیں گے جو Covid-19 کی مکمل Vaccination کے علاوہ Booster Dose بھی لگوا چکے ہوں اور Vaccination Certificate ساتھ لے کر آئیں۔ حسبِ سابق وکیل صاحب تعمیل وتنفید بھارت۔ نیپال۔ بھوٹان، لندن سے ملنے والی ہدایات کی روشنی میں دعوت ناموں اور ویزوں کے حصول کا کام مندرجہ ذیل دو مرحلوں میں مکمل ہو گا۔ اِس مقصد کے لیے درج ذیل ہدایات کو ایک سے زیادہ مرتبہ غور سے پڑھ کر اِن پر عمل کریں۔ جزاکم اللہ۔

### پہلا مرحلہ

پہلے مرحلے میں درخواست دہندگان Online ویزا فارم پُر کر کے Submit کریں گے اور اس کے نتیجہ میں حاصل ہونے والے Application Id Number کو منسلکہ FORM A میں دیگر کوائف کے ساتھ درج کر کے شعبہ امورِ خارجہ کو ارسال کریں گے تا کہ اُن کو دعوت نامے جاری کئے جا سکیں۔ **یہ فارم جماعت کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر Type کر کے بھی پُر کیا جا سکتا ہے۔**

Internet کے ذریعہ Online ویزا فارم پُر کرنے اور Submit کرنے کے لئے https://indianvisaonline.gov.in پر جا کر Regular Visa Application کا انتخاب کریں۔ Online ویزا فارم میں درج کرنے کے لئے ضروری معلومات اِن ہدایات کے ساتھ منسلک ہیں۔ یہ ہدایات اور فارم جماعت احمدیہ جرمنی کی ویب سائٹ کے اِس لنک پر بھی موجود ہیں:

https://info.ahmadiyya.de/jalsa-salana-qadian-2023/

آن لائن فارم پُر کرنے سے پہلے اس لنک پر چیک کر لیں کہ کوئی نئی ہدایت تو جاری نہیں ہوئی۔ **آن لائن فارم پُر کرتے ہوئے مقررہ مرحلہ پر اپنی تصویر اَپلوڈ کریں۔ تصویر 2x2 انچ White or Light Background میں ہونی چاہیے۔ تصویر اَپلوڈ نہ کرنے کی صورت میں ویزے کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔** ویزا فارم پُر اور چیک کر کے Verified And Continue کا بٹن دبانے کے بعد آپ کے سامنے Download اور Print کرنے کے لئے ویزا فارم آ جائے گا جس پر بائیں جانب Margin میں ایک Application Id Number جو DEU سے شروع ہوتا ہے، لکھا ہو گا۔ پُر شدہ فارم کے کم از کم دو سیٹ Print کر کے اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔ FORM A کے تمام کالم پُر کرنے لازم ہیں۔ صدرانِ جماعت وحلقہ جات حسبِ ضرورت فوٹو کاپیاں کروالیں۔ **FORM A بیت السبوح فرینکفرٹ بھجوانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2023 مقرر کی گئی ہے تاہم آپ سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر جلد از جلد یہ فارم ارسال کر دیں۔** جرمن اور پاکستانی پاسپورٹ کے علاوہ نیلے اسائلم پاسپورٹ رکھنے والے افراد بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔ نیلے پاسپورٹ والے افراد شہریت کے بارے میں سوال کے جواب میں STATELESS کا انتخاب کریں۔ یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ پاکستانی پاسپورٹ اور نیلا اسائلم پاسپورٹ رکھنے والے ایسے احباب جو بذریعہ ہوائی جہاز ہندوستان جانا چاہتے ہوں کو امر تسر ائیرپورٹ پر جانے کی اجازت نہیں، وہ صرف دہلی ائیرپورٹ کے ذریعہ ہی جا سکتے ہیں۔ مزید یہ کہ دونوں ملکوں کے تعلقات کی صورتِ حال اور ویزا کے قوانین تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اِس لئے پاکستانی یا جرمن پاسپورٹ رکھنے والے احباب جنہوں نے واہگہ باڈر کے راستے قادیان جانے کے لئے اپلائی کیا ہو، اُن کو ویزا جاری کرنے سے پہلے براستہ دہلی جانے کا بھی کہا جا سکتا ہے۔

### دوسرا مرحلہ

دعوت نامے موصول ہونے کے بعد دوسرے مرحلے میں درخواست دہندگان پہلے سے پُر شدہ ویزا فارم مطلوبہ کاغذات کے ساتھ اپنی رہائش کے صوبے کے لئے ذمہ دار بھارتی سفارتخانے / قونصلیٹ جنرل کی مقرر کردہ ایجنسی میں جمع کرائیں گے۔ اِن سب کے دفاتر اور ویب سائٹ ایڈریس معلومات والے الگ صفحے میں درج ہیں جہاں سے مزید ہدایات بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ویزوں کی مدت تاریخ اجراء سے شروع ہو جاتی ہے۔ ادا شدہ ویزا فیس ویزا نہ لگنے کی صورت میں ناقابلِ واپسی ہو گی۔ اگر کسی دعوت نامے میں کوئی غلطی ہو، جاری ہونے سے رہ گیا ہو یا زائد جاری ہو گیا ہو تو فوری طور پر شعبہ ہذا کو مطلع فرمائیں۔


**Ahmadiyya Muslim Jamaat** Deutschland • Körperschaft des öffentlichen Rechts • www.ahmadiyya.de
**Geschäftsstelle / Office:** Baitus Sabuh • Genfer Str. 11 • 60437 Frankfurt am Main • Tel. +49 (0)69 – 506 88 600 • Fax +49 (0)69 – 506 88 666 • E-Mail: gensec@ahmadiyya.de
Bankverbindung: SEB AG Kontonr. 159 589 54 00 • BLZ 500 101 11 • Steuernr. Frankfurt am Main III, 45/250/89591

☆ انڈین ایمبیسی / قونصلیٹ کی مقرر کردہ ایجنسی میں جمع کرانے کے لئے ویزا فارم کے ساتھ ایک تصویر کے علاوہ مندرجہ ذیل کاغذات لگائیں: -

۱۔ پاسپورٹ جو سفر کی مجوزہ تاریخ کے بعد بھی 6 ماہ تک Valid ہو، ورنہ ویزا کی درخواست مسترد ہو جائے گی۔

۲۔ اصل دعوت نامہ اور اُسکی ایک کاپی۔ دعوت نامے کی ایک کاپی اپنے لئے رکھنا نہ بھولیں۔

۳۔ متعلقہ انڈین ایمبسی / قونصلیٹ جرنل کی طرف سے جاری کردہ Additional Form For Pakistani Origin Nationals ۔ یہ فارم بھی جماعت کی ویب سائٹ کے مندرجہ بالا لنک پر بھی موجود ہیں جہاں اِن کو TYPE کر کے بھی پُر کیا جا سکتا ہے۔

۴۔ جرمن Ausweis یا Aufenthaltstitel کی ایک کاپی۔

۵۔ اپنے مقامی Rathaus سے Meldebescheinigung بھی ویزا فارم کے ساتھ پیش کرنی ہوگی جو تین ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہو۔ نوٹ:- انڈین قونصلیٹ فرینکفرٹ میں جرمن شہریت رکھنے والوں کی درخواستوں کے ساتھ عام طور پر Meldebescheinigung کی ضرورت نہیں ہوتی۔ دیگر تمام جگہ پیش کرنی ہوگی۔

۶۔ فلائٹ ریزرویشن یا ٹکٹ بھی طلب کیے جا سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا کاغذات کے علاوہ مثلاً ملازمت ( تازہ Pay Slips وغیرہ) ، بے روزگاری الاؤنس اور جرمنی میں رہائش گاہ سے متعلق کاغذات بھی طلب کئے جا سکتے ہیں۔

☆ اگر آپ نے ویزا کی درخواست پر کارروائی کے دوران میں سفر کرنا ہو یا پاسپورٹ اپنے پاس رکھنا چاہیں، تو ویزا فارم اور دیگر کاغذات اور ویزا فیس جمع کروا کر پاسپورٹ واپس دیئے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو متعلقہ ایجنسی کی طرف سے اطلاع آجائے گی کہ ویزا کے لئے دوبارہ پاسپورٹ لے کر آجائیں۔

☆ ویزوں کی درخواستیں جمع کرانے کے طریقِ کار میں تبدیلیاں ہوتی رہتی ہیں۔ اس لیے درخواستیں جمع کرانے سے قبل انڈین ایمبسی یا متعلقہ انڈین قونصلیٹ جرنل کی ویب سائٹ چیک کر لیں۔

☆ ویزا لگنے کے بعد ویزے کا Sticker اچھی طرح چیک کر لیں کہ آپ کے کوائف اور Port of Entry and Exit وغیرہ درست درج ہیں۔ پاکستانی یا نیلے اسائلم پاسپورٹ پر ویزا لگنے کی صورت میں انڈین ایمبسی / قونصلیٹ جرنل ویزا کے ساتھ دو عدد Visa Forms بھی دیتا ہے جن کو سفر کے دوران تمام احباب اپنے ساتھ رکھیں۔ بصورتِ دیگر ایسے احباب کے انڈیا پہنچنے پر امیگریشن ممکن نہ ہوگی اور اُنہیں Airport سے ہی Deport بھی کیا جا سکتا ہے۔

☆ **متعلقہ ایجنسی میں ویزا کی درخواستیں جمع کرانے اور فیس ادا کرنے کے بعد ملنے والی رسید کی ایک کاپی فوراً شعبہ امورِ خارجہ فرینکفرٹ کو ارسال کرنی ہوگی تا کہ آپ کے نام کلیئرنس کے لیے قادیان ارسال کئے جا سکیں اور تعارفی خط جاری کیا جا سکے۔ ویزا کی درخواستیں جمع کروا کر رسیدوں کی کاپیاں بھجوانے کی آخری تاریخ 01.08.2023 ہے مگر اِس آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر جونہی دعوت نامہ موصول ہو فوری طور پر طریقِ کار کے مطابق درخواستیں جمع کروا کر رسیدوں کی کاپیاں بھجوا دیں۔**

☆ اگر صرف تعارفی خط درکار ہو وہ جماعت احمدیہ جرمنی کی ویب سائٹ کے مندرجہ بالا لنک پر موجود FORM D پُر کر کے شعبہ امورِ خارجہ کو ارسال کر دیں۔

اگر کوئی وضاحت درکار ہو تو شعبہ امورِ خارجہ سے سہ پہر 5 بجے سے شام 8 بجے تک ٹیلی فون نمبر 069-50688641 پر رابطہ کریں۔ عند الضرورت مکرم رفیع اللہ خان صاحب سے ٹیلی فون نمبر 01778984371 پر بھی رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

خاکسار

راجہ محمد یوسف خان 11.05.2023

(شعبہ امور خارجہ)

Email:rmyousuf631@gmail.com


**Ahmadiyya Muslim Jamaat** Deutschland • Körperschaft des öffentlichen Rechts • www.ahmadiyya.de
**Geschäftsstelle / Office:** Baitus Sabuh • Genfer Str. 11 • 60437 Frankfurt am Main • Tel. +49 (0)69 – 506 88 600 • Fax +49 (0)69 – 506 88 666 • E-Mail: gensec@ahmadiyya.de
Bankverbindung: SEB AG Kontonr. 159 589 54 00 • BLZ 500 101 11 • Steuernr. Frankfurt am Main III, 45/250/89591